بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نیلامی کار، موٹر سائیکل، سائیکل سٹینڈ

تعلیمی بورڈ فیصل آباد کے کیمپس میں واقع کار، موٹر سائیکل، سائیکل کا پارکنگ سٹینڈ مورخہ 30.06.2027 تک ٹھیکہ پر دیئے جانے کی اوپن بولی مورخہ 18.05.2026 کو بوقت 12:00 بجے دوپہر دفتر ہذا کے میٹنگ روم میں درج ذیل شرائط پر ہو رہی ہے۔ خواہش مند حضرات بروقت زیر دستخطی کے دفتر حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر اس تاریخ کو بولی مکمل نہ ہو سکی تو دوبارہ مورخہ 25.05.2026 ہو گی۔ اگر مذکورہ تاریخ کو بھی بولی مکمل نہ ہو سکی تو مورخہ 02.06.2026 کو دوبارہ بولی ہو گی۔

شرائط

1۔ دستاویزات نیلامی / قواعد وضوابط برائے پارکنگ سٹینڈ دفتر ہذا کی اسٹیٹ برانچ سے مبلغ -/1000 روپے کے عوض حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ رقم دفتر ہذا کے بنک اکاؤنٹ میں جمع کروانی ہو گی اور بنک چالان اسٹیٹ برانچ کو فراہم کرنا ہو گا۔ کسی قسم کی کوئی رقم دستی وصول نہ کی جائے گی۔

2۔ بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات نیلامی دستاویزات مورخہ 18.05.2026 تک وقبل از دوپہر 11:30 بجے بمعہ CDR سیکرٹری پرسنل سٹاف میں جمع کروانے / پہنچانے کے پابند ہوں گے۔ بولی کا عمل 12:00 بجے دوپہر شروع ہو گا۔

3۔ بولی میں حصہ لینے والے خواہش مند حضرات کو دستاویزات لازمی جمع کروانی ہو گی بصورت دیگر وہ بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

4۔ گورنمنٹ ٹیکسز بذمہ ٹھیکیدار ہوں گے۔

5۔ چیئرمین کو کسی بھی بولی کو بغیر وجہ بتائے مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہو گا۔

6۔ ٹھیکیدار کسی بھی سرکاری و نیم سرکاری ادارہ کا نادہندہ نہ ہو اس امر کا اسے سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہو گا۔ غلط بیانی کی صورت میں اسے نااہل قرار دینے کے ساتھ ساتھ اس کی جمع شدہ رقم بھی ضبط کر لی جائے گی۔

ڈاکٹر حبیب الرحمان

سیکرٹری

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

CamScanner